A

# സമഗ്ര ശിക്ഷാ, കേരളം

1010

## പാദവാർഷിക ആത്യന്തിക വിലയിരുത്തൽ 2025-26

## ഉർദു

ക്ലാസ് : X

സമയം : 1½ മണിക്കൂർ

ആകെ സ്കോർ : 40

### പൊതു നിർദേശങ്ങൾ

* ആദ്യ 15 മിനിട്ട് സമാശ്വാസ സമയമാണ്. ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കാനും ഉത്തരങ്ങൾ ക്രമപ്പെടുത്താനും ഈ സമയം വിനിയോഗിക്കേണ്ടതാണ്.
* ചോദ്യങ്ങളും നിർദേശങ്ങളും ശ്രദ്ധാപൂർവ്വം വായിച്ച് ഉത്തരമെഴുതുക.
* ഉത്തരമെഴുതുമ്പോൾ സ്കോർ, സമയം എന്നിവ പരിഗണിക്കണം.

---

1 سے 4 تک کے تمام سوالوں کے جواب لکھیے۔ 1x4=4

1. دستورِ ہند کا معمار کون ہے؟ 1

(ابوالکلام آزاد سبھاش چندر بوس جواہر لال نہرو امبیڈکر)

2. ’’خالہ جان جسے چاہیں پنچ بنائیں مجھے عذر نہیں ہے۔‘‘

بچّو، مکالمہ غور سے پڑھیے اور مناسب کردار کا نام چن کر لکھیے۔ 1

(جمّن شیخ خالہ جان الگو چودھری سمجھو سیٹھ)

3. عام طور پر اگر کوئی بادشاہ کے خلاف آواز اٹھاتا یا اسے برا بھلا کہتا تو اس کا سر قلم کرا دیتا۔

بچّو، اس جملے میں ’سر قلم کرا دینا‘ سے کیا معنی ہے؟ 1

(زندہ کرنا قتل کرنا پیار کرنا محبت کرنا)

4. ’’تبدیلی وہی لائے گا جو اسے دیکھنے کی جرأت کرے گا۔‘‘

یہ مشہور قول کس کا ہے؟ 1

(گاندھی جی جواہر لال نہرو بھگت سنگھ اے پی جے عبدالکلام)

**5 سے 8 تک کے سوالوں سے کسی 3 کے جواب دو تین جملوں میں لکھیے۔** 2x3=6

5. آگے چل کر بھیم راؤ سکپال سے اپنا نام بدل کر بھیم راؤ امبیڈکر بنا دیا۔ بچّو، اس کی وجہ کیا ہے؟ 2

6. پت جھڑ کی رُت میں پھول کھلانا کمال ہے

پت جھڑ کی رُت میں پھول کھلاتے چلے چلو

اس شعر میں 'پت جھڑ کی رُت میں پھول کھلانا' سے کیا مطلب ہے؟ 2

7. ''آپ مجھے اندھا کیوں کہتے ہیں؟ جب کہ مجھے سب کچھ صاف دکھائی دیتا ہے۔''

یہ مکالمہ کون کس سے کہتا ہے؟ 2

8. بچّو، غزل کے اشعار غور سے پڑھیے۔ ان میں سے قافیہ اور ردیف الگ الگ لکھیے۔ 2

آگ بہتی ہے یہاں گنگا میں جھیلم میں بھی

کوئی بتلائے کہاں جا کے نہایا جائے

پیار کا خون ہوا کیوں یہ سمجھنے کے لیے

ہر اندھیرے کو اجالے میں بلایا جائے

| ردیف | قافیہ |
|---|---|
| | |

**9 سے 16 تک کے سوالوں سے کسی 6 کے جواب مختصر لکھیے۔** 3x6=18

9. جنگ سے غریبی، بربادی جیسے کئی مسائل پیش آتے ہیں۔

بچّو، جنگ سے اور کیا کیا مصیبتیں سامنے آتی ہیں؟ مختصر لکھیے۔ 3

10. چمن اور الگو چودھری میں بڑا یارانہ تھا۔ دوستی ہمیں خوشی دیتی ہے۔ سکھ دکھ میں ساتھ دیتی ہے۔

بچّو، آپ کو بھی کوئی جگری دوست ضرور ہوگا۔ دوستی کے بارے میں آپ کا تجرباتی نوٹ تیار کیجیے۔ 3

11. تفریقِ رنگ و نسل مٹاتے چلے چلو!

انسانیت کی شان دکھاتے چلے چلو!

سماج سے رنگ و نسل کی تفریق کو ہم کیسے مٹائیں گے؟ انسانیت کی شان بڑھانے کے لیے ہم کیا کر سکتے ہیں؟

سوالوں کی روشنی میں انسانیت کی اہمیت پر مختصر نوٹ لکھیے۔ 3

12. 'سنگیت کا کرشمہ' ایک دلکش کہانی ہے۔اس میں بادشاہوں کے ظلم وستم اور اپنا ملک توسیع کرنے کی آرزو کے بارے میں بیان کرتا ہے۔

(a) اس کہانی کے اہم کردار کون کون ہیں؟

(b) آپ کا پسندیدہ کردار کون ہے؟ کیوں؟ کردار کی خصوصیات بیان کیجیے۔ 3

13. ''ذات پات اور بھید بھاؤ بے معنی ہیں۔ سماج کے سب لوگ برابر ہیں۔''

بچّو، امبیڈکر کے اس نظریہ پر آپ کی کیا رائے ہے؟ واضح کیجیے۔ 3

14. عبارت غور سے پڑھیے۔اشاروں کی مدد سے تین سوالات تیار کیجیے۔ 3

بھیم بہت ذہین تھا۔پھر بھی اپنی ذات کی وجہ سے اس کو بے شمار اذیتیں سہنی پڑیں۔وہ سنسکرت سیکھنا چاہتا تھا لیکن موقع نہ ملا۔اس نے فارسی زبان کی تعلیم حاصل کی اور اوّل درجہ حاصل کیا۔

(اشارے: کیسے، کگون، کیا، کیوں)

15. جس کی خوش بو سے مہک جائے پڑوسی کا بھی گھر
پھول اس قسم کا ہر سمت کھلایا جائے

بچّو، شاعر ہر سمت کس قسم کا پھول کھلانے کی آرزو رکھتا ہے؟

شعر کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 3

16. غزل اردو کی آبرو ہے۔ غالب، میر اور داغ مشہور غزل گو شعرا ہیں۔

بچّو، غزل کے بارے میں آپ اور کیا جانتے ہیں؟ معلومات فراہم کیجیے۔ 3

**17 سے 20 تک کے سوالوں سے کسی 3 کے جواب تفصیل سے لکھیے۔** 3x4=12

17. نیچے چند معلومات دی گئی ہیں۔ان کی مدد سے گوپال داس نیرج کا سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔ 4

| | | |
|---|---|---|
| اصلی نام | : | گوپال داس سکسینہ |
| پیدائش | : | ۱۹۲۵ء کو اتر پردیش میں اٹاوہ کے قریب |
| تخلّص | : | نیرجؔ |
| مشہور کتابیں | : | درد دیا ہے، آساوری، بادلوں سے سلام لیتا ہوں، گیت جو گائے نہیں |
| ایوارڈ | : | ۱۹۹۱ء میں پدم شری، ۲۰۰۷ء میں پدم بھوشن |
| انتقال | : | ۱۹/ جولائی ۲۰۱۸ء |

18. عبارت غور سے پڑھیے اور نیچے دیے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 4

پنچایت شروع ہوئی۔ دونوں نے اپنے حالات بیان کیے۔ بہت غور و فکر کے بعد جمّن نے فیصلہ سنایا:

''الگو چودھری اور سمجھو سیٹھ! پنچوں نے تمھارے معاملہ پر غور کیا۔ سمجھو سیٹھ کو بیل کی پوری قیمت دینا واجب ہے جس وقت بیل ان کے گھر آیا، اس کو کوئی بیماری نہ تھی۔ اگر قیمت اس وقت دے دی گئی ہوتی تو آج الگو اسے واپس لینے کا ہرگز تقاضا نہ کرتے۔''

1) معاملہ کس کے درمیاں تھا؟

2) پنچایت کا فیصلہ کیا تھا؟

3) بچو، گاؤں میں کیوں پنچایت بیٹھتی ہے؟

19. 'درسِ عمل' سعادت نظیر کی مشہور نظم ہے۔

بچو، اس نظم کے ذریعہ شاعر کیا کہہ رہا ہے؟ نظم کی شعری خوبیاں کیا کیا ہیں؟

سوالوں کی روشنی میں نظم کا تحسینی نوٹ اپنے الفاظ میں لکھیے؟ 4

(اشارے: شاعر کا تعارف، نظم کا موضوع، زبان کی خوب صورتی)

20. پنچایت کا فیصلہ سننے کے بعد الگو چودھری اور جمّن شیخ گھر واپس جا رہے تھے۔ الگو چودھری پوچھنے لگا:

الگو چودھری : ارے دوست! میں نے سوچا تھا کہ آپ میرے خلاف فیصلہ ضرور لیں گے؟

جمّن شیخ : ..................................

الگو چودھری : ..................................

الگو چودھری اور جمّن شیخ کی گفتگو آگے بڑھائیے۔ 4